میسرز اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنِشنگ ملز لمیٹڈ - ملتان

ضابطہ اخلاق یا اخلاقیات کے اصول

تعارف:

اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنِشنگ ملز لمیٹڈ ملک میں رائج قوانین اور اعلیٰ معیار کے مطابق کاروبار کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ کمپنی یقین رکھتی ہے کہ ایک اچھا کارپوریٹ گورننس کا ڈھانچہ نہ صرف حصص داری کی قدر کو بڑھانے میں مدد دے گا بلکہ احتساب اور تسلط کے نظام سے منسلکہ خطرات سے بھی ہم آہنگ ہے۔

موزنیت:

یہ ضابطہ اخلاق بورڈ کے ڈائریکٹران، سینئر منیجمنٹ کے ممبران اور کمپنی کے ملازمین پر لاگو ہوتا ہے۔ ''سینئر منیجمنٹ'' کی اصطلاح کے معنی ہوں گے کمپنی کے بنیادی انتظامی عملے کے ممبران جن میں بورڈ کے ممبران شامل نہیں ہیں۔ عام طور پر اس ضمرے میں وہ ملازمین آتے ہیں جو ایگزیکٹو یا کل وقتی ڈائریکٹران کی سطح سے ایک درجے کم پر فائز ہیں۔

پیروی:

بورڈ آف ڈائریکٹرز، سینئر منیجمنٹ، ملازمین ملک میں مروجہ قوانین کی پیروی کو یقینی بنائے گے اور تمام لاگو پالیسیوں اور طریق کار کو اختیار کرتے ہوئے اپنے زیرِ اثر اور اختیار کے مطابق کاروبار کو چلائے گے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز، سینئر منیجمنٹ اور ملازمین اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے ضروری قانونی معلومات حاصل کریں گے تاکہ وہ مکمل پیروی کرسکیں اور ممکنہ خطرات کو پہچان سکیں۔

مفادات کے تصادم سے نجات:

تمام ڈائریکٹران، سینئر منیجمنٹ اور ملازمین ایسے حالات سے گریز کریں جس سے ان کے ذاتی مفادات کا تصادم کمپنی کے مفادات کے ساتھ ہوسکتا ہے۔ یہ وہ معاملہ ہے جہاں مکمل راہنمائی ناممکن ہے لیکن اصولِ راہنمائی وہ تصادم ہے اگر کوئی ہو اور اہم ممکنہ تصادم کے سلسلے میں راہنمائی اور کاروائی کرنے کے لیے جس طرح مناسب ہو لازماً کمپنی کی منیجمنٹ کے نوٹس میں لایا جائے۔

اثاثوں کی حفاظت:

کمپنی کے اثاثوں کی حفاظت کرنا کمپنی کے ڈائریکٹران، ممبران سینئر منیجمنٹ اور تمام ملازمین کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اس بات کا دھیان رکھا جائے کہ کمپنی کے اثاثوں کی بغیر اجازت غلط استعمال یا بے جا تصرف یا فروخت یا عطیہ نہ کیا جائے۔

پوشیدگی اور راز داری:

تمام ڈائریکٹران، ممبران سینئر منیجمنٹ اور ملازمین کمپنی سے متعلق معلومات کی پوشیدگی اور راز داری کو یقینی بنائیں جو کہ ان کی فرائض کی انجام دہی کے دوران ان کو فراہم کی جاتی ہیں اور اس معلومات کو اپنے ذاتی فائدے کے لیے استعمال نہیں کریں گے۔

مستند مواقع:

سوائے ان معاملات کے جن کی منظوری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا کسی بورڈ کمیٹی نے دی ہو اس کے علاوہ تمام ڈائریکٹران، ممبران سینئر منیجمنٹ اور ملازمین کو درج ذیل معاملات کی ممانیت ہے۔

۱۔ ذاتی طور پر ان مواقعوں کا فائدہ اٹھانا جو کمپنی کے وسائل استعمال کر کے حاصل ہو۔

۲۔ کمپنی کی جائیداد، معلومات یا عہدے کو ذاتی فائدے کے لیے استعمال کرنا۔

۳۔ کمپنی کا حریف بننا۔

اندرونی تجارت:

اللہ وسایا ٹیکسٹائل اینڈ فنشنگ ملز لمیٹڈ کے تمام ڈائریکٹران، ممبران سینئر منیجمنٹ اور ملازمین اور ان کے اہلِ خانہ کوئی فائدہ یا مشورہ یا دوسروں کو کمپنی یا اس کے خریداروں یا اس کے سپلائرز کے متعلق کوئی مدد یا فائدہ نہیں پہنچائے گے ایسی معلومات جو عوامی حلقہ میں نہیں دی جاتی اور لہذا غیر اشاعت شدہ حساس مالی

نوعیت کی اندرونی معلومات پر مبنی ہے۔ تمام ڈائریکٹران، ممبران سئینر منیجمنٹ اور ملازمین ایسی کوئی معلومات کو نہیں پھیلائے گے جو کہ اندرونی معلومات پر مشتمل ہوتی ہیں جو سرمایہ کاروں کو نہیں دی جاتی ہیں اور کمپنی کے حصص میں سرمایہ کاری کرنے کے فیصلے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ جس میں اس کے خریدار یا سپلائرز شامل ہیں۔

منصفانہ معاملگی کے مساوی مواقع:

کوئی ڈائریکٹر یا ممبر سینئر منیجمنٹ یا کوئی ملازم امتیازی مئوقف اختیار نہیں کرے گا اور کمپنی کے گاہکوں، سپلائرز، حریفوں کے جوڑ توڑ ہیرا پھیری پردہ پوشی، مراعات یافتہ معلومات کے غلط استعمال، حقائق کی غلط بیانی، غیر منصفانہ معاملہ فہمی کے ذریعے غیر منصفانہ فائدہ نہیں دے گا۔ ایسا کوئی بھی امتیاز نہیں رکھا جائے گا جس کی بنیاد ذات، مذہب، جنس، قومیت یا کسی قسم کی بے اختیاری جو کہ گاہکوں، سپلائرز، حریفوں یا کسی کاروباری حصہ دار کی طرف سے ہو۔

چھوٹ:

ہر ایک ڈائریکٹر یا ممبر سینئر منیجمنٹ یا کسی بھی ملازم کو اس ضابطہ اخلاق کی کسی بھی شق سے چھوٹ لینے کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز سے تحریری اجازت لینی ہوگی۔